# 14-06-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ سپریم کورٹ نے نیٹ یو جی امتحان کے پرچہ سوالات کے افشاء اور دیگر باضابطگیوں کے الزامات کی تحقیقات سی بی آئی کے ذریعہ کرانے کی عرضی پر مرکزی حکومت اور نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی سے جواب طلب کیا ہے۔

☆ پانچ روزہ مناسک حج کا آج سے آغاز ہو رہا ہے۔ دنیا بھر سے تقریباً بیس لاکھ عازمین سعودی عرب کے منیٰ میں جمع ہو رہے ہیں۔

☆ ایمپلائیز پروویڈینٹ فنڈ آرگنائزیشن میں اصلاحات کیلئے محکمہ لیبر کی سکریٹری سمیتا داوڑا نے ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

☆ گولکنڈہ بونال تہوار کا سات جولائی سے آغاز ہوگا۔ گولکنڈہ قلعہ کے جگدمبیکا یلماں تلی مندر سے تہوار کا آغاز ہوگا۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے نیٹ یو جی امتحان کے پرچہ سوالات کے افشاء اور دیگر باضابطگیوں کے الزامات کی تحقیقات سی بی آئی کے ذریعہ کرانے کی عرضی پر مرکزی حکومت اور نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی سے جواب طلب کیا ہے۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی ویکیشن بنچ نے ایک مفاد عامہ کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے سی بی آئی اور بہار حکومت سے بھی دو ہفتوں کے اندر جواب داخل کرنے کو کہا ہے۔ عدالت نے کہا کہ اس پی آئی ایل کے ساتھ دیگر زیر التوا درخواستوں کی سماعت آٹھ جولائی کو کی جائے گی۔ عدالت عظمیٰ نے نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی کی درخواست پر مختلف ہائی کورٹس میں مقدمات دائر کرنے والے عرضی گذاروں کو بھی نوٹس جاری کیا ہے۔ این ٹی اے نے مختلف عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات کو سپریم کورٹ منتقل کرنے کی درخواست کی ہے۔

☆☆☆☆☆

پانچ روزہ مناسک حج کا آج سے آغاز ہو رہا ہے۔ دنیا بھر سے تقریباً بیس لاکھ عازمین سعودی عرب کے منیٰ میں جمع ہو رہے ہیں۔ اس سال ہندوستان سے ایک لاکھ پچھتر ہزار سے زائد عازمین سفر حج کیلئے روانہ ہوئے ہیں جن میں سے ایک لاکھ چالیس ہزار، بیس عازمین حج کمیٹی کے ذریعہ روانہ ہوئے ہیں۔ اس سال پانچ ہزار خواتین بغیر محرم کے فریضہ حج ادا کریں گی۔ عازمین حج منیٰ میں جمع ہو رہے ہیں۔ منیٰ میں رات گذارنے کے بعد وہ میدان عرفات کیلئے روانہ ہوں گے۔ کل حج کے عظیم رکن کی ادائیگی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

چیف آف ایئر اسٹاف ایئر چیف مارشل وی آر چودھری کل ڈنڈیگل میں واقع ایئر فورس اکیڈیمی میں کمبائن گریجویشن پریڈ کا جائزہ لیں گے۔ اس موقع پر دوسو سے زیادہ فلائیٹ کیڈیٹس اور دیگر جوانوں کو پریسیڈینٹس کمیشن سے نوازا جائے گا۔ فلائیٹ کیڈیٹس، ہندوستانی بحریہ، ہندوستانی کوسٹ گارڈ اور دیگر دوست ممالک کے افسران کو تربیت مکمل ہونے پر ونگس سے نوازا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

نظام آباد میں اس مہینہ کی 22 اور 23 تاریخ کو ایڈیکشن سائیکٹری پر قومی کانفرنس منعقد ہوگی۔ انڈین سائیکٹریک سوسائٹی کے تلنگانہ چیاپٹرس کی جانب سے اس کانفرنس کا انعقاد عمل میں لایا جا رہا ہے۔ ریاستی وزیر صحت و خاندانی بہبود دامودر راج نرسمہا نے آج حیدرآباد میں کانفرنس کا بروشر جاری کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر صحت نے کہا کہ اس کانفرنس کا مقصد نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانا ہے اور اس حوالے سے ان میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

☆☆☆☆☆

گولکنڈہ بونال تہوار کا سات جولائی سے آغاز ہوگا۔ گولکنڈہ قلعہ کے جگدمبیکا یلماں تلی مندر سے تہوار کا آغاز ہوگا۔ اس تہوار میں ہزاروں شردھالوں شرکت کرتے ہیں۔ گولکنڈہ مندر پر بونالو تہوار نو دنوں تک جاری رہتا ہے۔ شہر حیدرآباد میں گولکنڈہ بونال کے بعد سکندرآباد کے اوجینی مہاکالی بونال اور لال دروازہ کے مہاکالی بونال کا انعقاد ہوتا ہے۔

سائبرآباد ٹرائیفک پولیس نے سوسائٹی فار سائبرآباد سکیورٹی کونسل کے اشتراک سے تھرڈ آئی ٹرائیفک مانیٹرینگ ڈرون کا آغاز کیا ہے۔ٹرائیفک پولیس کے مطابق علاقہ میں ٹرائیفک نظام کو بہتر بنانے کیلئے یو اے ایس وی کا استعمال کیا جائے گا۔تھرڈ آئی ٹرائیفک مانیٹرنگ ڈرون ٹرائیفک سے متعلق تازہ جانکاری فراہم کرے گا جس سے ٹرائیفک پولیس ٹیموں کو مسائل سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔کہا جارہا ہے کہ اس پہل کے شروع ہونے سے ٹرائیفک کی آمدورفت کے نظام کو مزید بہتر بنایا جاسکے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری و تلنگانہ انچارج ترون چگ سے ملاقات کی اور لوک سبھا انتخابات کے بعد ریاست کے حالات پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر ترون چگ نے کہا کہ تلنگانہ میں بی جے پی نے کافی بہتر مظاہرہ کیا اور اس کے ووٹ بینک میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چار لوک سبھا سیٹوں پر کامیابی کے بعد ریاست میں ماحول بی جے پی کے حق میں مزید بہتر ہوا ہے۔دونوں لیڈروں نے آدھے گھنٹہ سے زائد وقت کیلئے ملاقات کی اور ریاست میں بی جے پی کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ترون چگ نے کہا کہ بی آر ایس کا خاتمہ ہوگیا ہے اور کانگریس بھی حاشیہ پر چلی گئی ہے۔یہ اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ آئندہ دنوں تلنگانہ میں بی جے پی کیلئے راہ ہموار ہورہی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن نے گروپ ٹو امتحانات میں درخواست دینے والے امیدواروں کیلئے ایڈیٹ آپشن کی سہولت فراہم کی ہے۔کمیشن کی ویب سائیٹ www.tspsc.gov.in پر 16 جون صبح دس بجے سے 20 جون شام پانچ بجے تک یہ سہولت دستیاب رہے گی۔امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی آن لائن درخواست پر نظر ثانی کریں اور جہاں کہیں بھی اصلاح کی ضرورت ہو اسے درست کریں۔

☆☆☆☆☆

گدوال زیڈ پی چیئرپرسن سریتا نے ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کئے گئے پروفیسر جئے شنکر بڈی باٹا پروگرام میں حصہ لیا۔کتہ پلی گاؤں میں منعقدہ ایک پروگرام میں سریتا نے والدین اور سرپرستوں پر زور دیا کہ وہ سرکاری اسکولوں میں اپنے بچوں کا داخلہ کرائیں۔سینئر کانگریس قائدین، ڈی ای او اندرا، ایم ای او سریش، اسکول ہیڈ ماسٹر وینکٹا نرسیا بھی اس پروگرام میں موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وقارآباد ضلع میں آج موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔آئندہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع نظام آباد، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، میدک ،کاماریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

ایمپلائیز پروویڈینٹ فنڈ آرگنائزیشن میں اصلاحات کیلئے محکمہ لیبر کی سکریٹری سمیتا داؤرا نے ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔وزارت لیبر کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق اجلاس کے دوران سماجی ضمانت کی توسیع اور ملازمین کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے نئے اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ EPFO کی جانب سے بیماری، تعلیم، شادی یا گھر بنانے کیلئے ایک لاکھ روپئے کے ایڈوانس کی سہولت ہے۔EPFO کی جانب سے اب تک تقریباً پچیس لاکھ ایڈوانس کلیمس کو آٹو موڈ میں پورا کیا گیا ہے۔بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ تین دنوں کے اندر کلیمس کو پورا کیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

ایڈیشنل کلکٹر بی راہول نے تین یومیہ مزدوروں کی موت کے تناظر میں منچریال میونسپلٹی کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ایک زیر تعمیر عمارت کی اجازت منسوخ کردی جائے۔جائے حادثہ کا معائنہ کرنے کے بعد راہول نے میونسپل کمشنر ماروتی پرساد کو عمارت کی اجازت منسوخ کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ اس واقعہ کے قصورواروں کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆